# 11247 ـ مسجد کی اشیاء فروخت کرنے کا حکم

### سوال

کیا مساجد کے پرانے قالین، اور ائرکنڈیشن فروخت کرنے جائز ہیں، تا کہ نئی اشیاء کی قیمت مکمل کی جاسکے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مندرجہ بالا سوال ہم نے فضیلۃ الشیخ عبد الرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

یہ جائز ہے، جب ناکارہ ہو جائیں، یا خراب ہو جائیں اور مرمت کے محتاج ہوں، تو اگر ان کی مرمت کی جاسکتی ہو اور یہ چل سکتے ہوں تو ٹھیك وگرنہ انہیں فروخت کرکے قیمت اسی طرح کی اشیاء یا اس سے کم میں صرف کی جاسکتی ہے.

جیسا کہ اگر پرانے ائرکنڈیشن دس ہیں اور ان کی قیمت سے صرف پانچ خریدے جا سکتے ہیں تو ایسا کیا جا سکتا ہے .